28/06/2025

09:25 PM (5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ مسرت شاہ سے خبریں سُنیے۔

ایل جی

نوجوان اذہان کو ایک نئی سمت دینے میں بنیادی NCCلیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ کے رضا کار فخر کے ساتھ ملک اور قوم کی خدمت کرتے ہیں۔ NCC کردار ادا کر رہا ہے اور کے اسپیشل نیشنل انٹیگریشن کیمپ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں NCC بادامی باغ کنٹونمنٹ میں کے رضا کار بہتر مستقبل تشکیل دے NCC نے کہاکہ ٹیم ورک اور قائدانہ صلاحیتوں کی بدولت سکتے ہیں۔ اپنی تقریر میں انہوں نے کہا۔

........LG........

جتندر سنگھ

کی ایمر جنسی کو بھارت کی جمہوریت پر کالا د ھبہ قراردیتے ہوئے مرکزی وزیر ڈاکٹر 1975 جتندر سنگھ نے کہاہے کہ کانگریس نے حقیقی انقلاب برپا کرنے والوں کوپس پشت ڈال دیا ہے۔

جموں میں ایک پریس کانفرنس میں مرکزی وزیر نے کہا ہے کہ کانگریس لیڈروں نے 1946میں کانگریس پارٹی کی جمہوریت کے ساتھ ابتدائی غداری کی جب 15میں سے 12پردیش کانگریس کمیٹیوں کے انتخابات کو مستر د کر دیاگیا۔

اس دوران جمونمیں منعقدہ یوتھ پارلیمنٹ سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر نے کہاکہ کانگریس نے اپنے سیاسی مفادات کیلئے مجاہدین آزادی کی قربانیوں کا غلط استعمال کیا۔

ڈلو

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں کشمیر مینجاری مختلف نیشنل ہائی وے پروجیکٹوں کی بر وقت تکمیل کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کام کے معیار کو بر قرار رکھنے کی ہدایت دی ہے ۔ انہوں نے ان پروجیکٹوں کا ایک میٹنگ کے دوران جائز ہ لیا۔

کئی اضلاع کے ضلع ترقیاتی کمشنروننے ویڈیو کانفرنسنگ کے ذریعے میٹنگ میں شرکت کرکے انہیں اس سلسلے میں تفصیلی جانکاری فراہم کی ۔ چیف سیکریٹری نے ڈپٹی کمشنروں کو ہدایت دی کہ وہ پروجیکٹوں کی عمل آوری میں حائل رکاوٹوں کو دو ر کرنے کیلئے ضروری اقدامات کریں۔

جل جیون

جل جیون مشن سے متعلق قانون ساز اسمبلی کی ہاؤس کمیٹی کی ایک میٹنگ ، کمیٹی کے چیر مین حسنین مسعودی کی صدارت مینمنعقد ہوئی ۔ میٹنگ مینمرکزی معاونت والی اس فلیگ شپ اسکیم کی عمل آوری کا تفصیل سے جائزہ لیاگیا ۔

کمیٹی کے ممبران نے مختلف علاقونمیں واٹر سپلائی اسکیموں کی عمل آوری میں بے ضابطگیوں کا معاملہ اٹھاتے ہوئے اس سلسلے میں متعلقہ محکمے سے تفصیلی رپورٹ طلب کئے جانے کا مطالبہ کیا۔

کمیٹی کے چیرمین نے اسکیم کی کامیاب عمل آوری کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

محرم

آج محرم الحرام کی دو تاریخ ہے۔یہ وہ مہینہ ہے جس میں تاریخ اسلام کا عظیم واقعہ ، معرکہ کربلا پیش آیا ۔ اس معرکے میں خاندان رسالت کے 72افراد نے اپنی جانوں کا نذرانہ پیش کرتے ہوئے دین اسلام کے اقدار کی آبیاری کی ۔ ان شہداءنے رہتی دنیا تک شجاعت اور دین کے تئیں اپنی عقیدت کی ایک لازوال مثال قائم کی ۔اس مہینے کے دوران ان ہی شہداءکویاد کرکے انہیں محبت کا خراج پیش کیاجاتاہے ۔

........Hold....نوحہ........

ڈی سی سرینگر

ڈپٹی کمشنر سرینگراکشے لابرو نے کل ڈی سی آفس کے مختلف دفاتر کا دورہ کرکے وہاں کام کاج کا جائزہ لیا۔ انہوں نے افسروں کے ساتھ سرینگر کے عوام کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے بارے میں تبادلہ خیال کیا۔

ڈپٹی کمشنر نے تمام دفاتر میں عوام دوست ماحول قائم کرنے کی ہدایت دی تاکہ لوگوں کو مزید بہتر سہولیات فراہم کرائی جا سکیں۔ انہوں نے دفاتر میں صفائی ستھرائی کا خاص خیال رکھنے کی ضرور ت پر بھی زور دیا ۔

پولیس

پولیس نے ڈرگ سمگلنگ کے خلا ف اپنی کارروائیوں کو جاری رکھتے ہوئے بوٹ کالونی کھنہ بل اننت ناگ کے بدنام زمانہ منشیات فروش پرویز احمد فشو کی جائیداد کو NDPS ایکٹ کے تحت قرق کیا ہے۔

اس دوران پولیس نے سوپور میں ملک دشمن سرگرمیوں میں ملوث تین افراد کو پبلک سیفٹی ایکٹ کے تحت گرفتار کیا ہے۔

کوئز

نئے فوجداری قوانین سے متعلق جانکاری کو عام کرنے کی غرض سے پولیس نے کل ہندوارہ میں ایک مباحثہ اور کوئز مقابلہ منعقد کیا۔ جس میں اسکولی بچوں کی ایک بڑی تعداد نے شرکت کی ۔ مباحثہ میں بہتر کار کردگی کا مظاہرہ کرنے والے طالب علموں کو اسناد سے نواز ا گیا۔

سندھ طاس

بھارت نے جموں کشمیر میں واقع کشن گنگا اور ریٹلے پن بجلی منصوبوں سے متعلق نام نہاد ثالثی عدالت کا فیصلہ مسترد کیا ہے ۔ وزارت خارجہ نے ایک بیان میں کہا ہے کہ بھارت اس عدالت کی قانونی حیثیت کو تسلیم نہیں کرتا ہے اور اس کا قیام سندھ طاس آبی معاہدے کی سنگین خلاف ورزی ہے ۔ وزارت نے کہاہے کہ پہلگام حملے کے بعد بھارت نے سندھ طاس معاہدے کومعطل کیا ہے۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 21اعشاریہ 2 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 26اعشاریہ6ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ